© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

تبصرہ نگار: م-س

تبصرے کے لئے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

**علمی خطبات**: تالیف: حضرت مولانا مفتی سعید احمد پالن پوری مدظلہ، ناشر: زمزم پبلشرز کراچی، صفحات: 304، سائز: 23×36/16، قیمت (اعلیٰ): 350 روپے، (سادہ): 200 روپے۔

حضرت مولانا مفتی سعید احمد پالن پوری صاحب مدظلہ کی شخصیت اہل علم اور دین دار طبقہ میں کسی تعارف کی محتاج نہیں، آپ دارالعلوم دیوبند کے استاذ حدیث اور صدر المدرسین ہیں۔ مختلف موضوعات پر آپ کی تصنیفات وتالیفات عوام وخواص میں یکساں مقبول ہیں، اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کی تحریر وتقریر میں روانی، شگفتگی اور تاثیر رکھی ہے، جسے پڑھ کر اور سن کر انسان متاثر ہوئے بنا نہیں رہتا۔

زیر تبصرہ کتاب ''علمی خطبات'' کے نام سے آپ کے خطبات پر مشتمل ہیں، جسے آپ کے صاحبزادے مولانا حسین احمد پالن پوری نے مرتب کیا ہے۔ اس وقت ہمارے پیش نظر اس کی جلد اول ہے، جس میں کل 16 خطبات ہیں، جو درج ذیل موضوعات پر ہیں: (۱)......خطبہ مسنونہ کے مضامین (۲)......قرآن کریم متقیوں کے لیے رہنما کتاب (۳)......حدیث اور سنت میں فرق اور حجت سنت ہے، حدیث نہیں (۴)......اصلی سلفی اور آج کے سلفی (۵)......روزے اور زکوٰۃ کے ضروری مسائل (۶) روزوں کے تعلق سے رمضان کی تخصیص (۷) نماز عید سے پہلے خطاب (۸) ختم نبوت کا بیان (۹)......عیسیٰ علیہ السلام، اللہ کے بندے اور رسول ہیں (۱۰)......اسلام میں پورے پورے آجاؤ، شیطان کی پیری مت کرو (۱۱)......دنیا کی زندگی کس مقصد کے لیے ہے (۱۲)......قیامت کے دن ذرہ ذرہ کا حساب ہوگا (۱۳)......موت کے بعد دوبارہ زندہ ہونا ہے (۱۴)......آخرت کی نعمتیں دنیا کی نعمتوں سے بدرجہا بہتر ہیں (۱۵)......آخرت کی نعمتیں کن لوگوں کو ملیں گی؟ (۱۶)......نیکیوں کا پورا اجر آخرت میں


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ملے گا۔ آخر میں مسائل کے عنوان کے تحت مختلف فقہی مسائل کا ذکر ہے۔

آپ کا اسلوب و انداز آسان، عام فہم اور دل نشین ہے۔ ہر خطبے کی ابتداء میں موضوع کی مناسبت سے قرآنی آیات اور احادیث نبویہ پیش کرتے ہیں، کتاب میں ذیلی عنوانات لگانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ البتہ قرآنی آیات کے حوالے اور احادیث مبارکہ کی تخریج کر دی جاتی تو کتاب کی اہمیت دو چند ہو جاتی۔

کتاب مضبوط جلد بندی، خوبصورت سرورق اور متوسط نہ کاغذ کے ساتھ شائع ہوئی ہے، کمپوزنگ اور سیٹنگ میں سلیقہ مندی نمایاں ہے۔

**کتاب الحج**، مؤلفہ: مولانا محمد عابد ندوی، صفحات: جلد اول: 364، جلد ثانی: 310 سائز: 23×36/16، قیمت مکمل دو جلد (اعلیٰ): 850 روپے، (سادہ): 500 روپے، ناشر: زمزم پبلشرز، اردو بازار، کراچی۔

حج اسلام کے پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک ہے، آپ ﷺ نے حج کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے فرمایا: ''اگر قدرت کے باوجود کوئی شخص حج نہ کرے وہ چاہے تو یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر'' گویا حج ایمان کی علامت ہے۔ حج کی اس اہمیت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی عبادت و بندگی کے ساتھ ساتھ تربیت کا پہلو بھی ہے۔

حج کا مقصد شعائر اللہ کی تعظیم اور اس سے عبرت خیزی اور نصیحت آموزی بھی ہے، اسی کو قرآن مجید نے کہا: ﴿ومن یعظم شعائر اللہ فإنها من تقوی القلوب﴾۔ (الحج: ۳۲)

حج کا موضوع شروع سے محدثین اور فقہاء کے غور و فکر اور تصنیف و تالیف کا مرکز توجہ رہا ہے، عربی زبان میں فقہ کی عام کتابوں کے علاوہ -- جن میں تمام فقہی ابواب زیر بحث آئے ہیں -- خاص حج کے موضوع پر درجنوں تالیفات منظر عام پر آچکی ہیں، اُردو زبان میں بھی احکام حج پر اچھا خاصا ذخیرہ موجود ہے۔ لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ نئی نئی ایجادات اور ضروریات کی وجہ سے بعض ایسے مسائل پیش آجاتے ہیں کہ ان کی وجہ سے سابقہ احکام میں تبدیلی ہو جاتی ہے۔

زیر نظر کتاب ''کتاب الحج'' بھی فاضل مؤلف نے اسی ضرورت کو پیش نظر رکھتے ہوئے تالیف کی ہے۔ یہ کتاب بقول مؤلف تین یا چار جلدوں پر مشتمل ہوگی۔ فی الوقت ہمارے زیر تبصرہ اس کی پہلی دو جلدیں ہیں۔ پہلی جلد ''حرمین شریفین، فضائل و آداب'' کے نام سے ہے، جس میں خانہ کعبہ اور غلافِ کعبہ کی تاریخ، کعبۃ اللہ کی عظمت و حرمت، حرم شریف کی عظمت و حرمت، حرمِ اقدس میں گناہوں کا وبال اور مدینہ منورہ کے فضائل و برکات پر مستند احادیث و روایات سے استفادہ کرتے ہوئے تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے، دوسری جلد ''حج وعمرہ، فضائل و آداب'' کے نام سے موسوم ہیں، اس میں پہلا باب حج وعمرہ کی اہمیت اور اس کے فضائل کے بیان میں ہے، دوسرا باب حج وعمرہ کے مختلف افعال، مثلاً: تلبیہ، طواف، سعی، حجر اسود کی تقبیل، حلق و قصر، یوم عرفہ اور وقوفِ عرفہ، قربانی، عشرۂ ذی الحجہ اور ایامِ تشریق کے اعمال و اذکار کے بیان میں ہے، تیسرا باب مشاعر مقدسہ منیٰ، عرفات، مزدلفہ، حجر اسود، رکن یمانی، مقام ابراہیم، زمزم، کعبۃ اللہ، حطیم اور ملتزم کے فضائل پر مشتمل ہے، چوتھا باب میں ان


© rasailojaraid.com